QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 213

ماہ رمضان میں سحر، افطار اور تراویح کے دوران بجلی کی فراہمی جاری ہے: کیسکو

صارفین بجلی بندش کی صورت میں براہ راست 118 پر کال یا 8118 پر بذریعہ میسج اپنی شکایات درج کروائیں

کوئٹہ 24 فروری 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی جانب سے ماہ رمضان المبارک میں سحر افطار اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی فراہمی جاری ہے۔کیسکو افسران کی زیر نگرانی پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) میں قائم ریجنل کنٹرول روم میں (روزانہ) سحر، افطار اور تراویح کے اوقات کار میں بجلی کی مسلسل فراہمی اور صورتحال کو مانیٹر کیا جارہا ہے۔اسکے علاوہ تمام آپریشن سرکلز میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز کی زیر نگرانی ڈویژن اور سب ڈویژن کی سطح پر صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئیں ہیں تاکہ بجلی کی تکنیکی خرابی، ٹرانسفارمرز کی بروقت تبدیلی کے علاوہ صارفین کے انفرادی شکایات کا بھی جلد از جلد ازالے کو کم سے کم وقت میں یقینی بنایا جاسکے۔

تاہم صارفین بجلی بندش یا انفرادی شکایت کیلئے براہ راست 118 پر کال یا اپنے موبائل سے 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر بذریعہ میسج (SMS) بھی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔علاوہ ازیں کیسکو کے مرکزی کمپلینٹ سیل (ٹیلی فون نمبر 0819201445) یا اپنے متعلقہ سب ڈویژنز کے نمبرز پر شکایات درج کرواسکتے ہیں۔صارفین کی مزید آسانی کیلئے شکایات کے اندراج اور فوری ازالہ کیلئے بذریعہ واٹس ایپ موبائل نمبر 03198088439 پر بھی بجلی بل کی کاپی منسلک کرکے اپنا ایکٹو موبائل نمبر لکھ کر بھی شکایات درج کرواسکتے ہیں تاکہ صارف کی متعلقہ جگہ کی درست نشاندہی ہوسکے اور کیسکو عملہ متعلقہ جگہ پر فوراً پہنچ کر بجلی بحالی کیلئے اقدامات کرسکیں۔

# # #